سوال

(514)حج کےلیے داماد کو محرم بنانا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

مجھےاپنے شوہر کے ساتھ چالیس سال ہونے کو آئے ہیں۔ میں جب اسے حج کا کہتی ہوں تو مان جاتا ہے مگر عین موقعہ پر انکار کر دیتا ہے۔ ان لوگوں نے گائے بکریاں پال رکھی ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ میں ان کی ہی خدمت کرتی رہوں۔ میرے شوہر نے پانچ حج کرلیے ہیں۔ میری بھی خواہش ہے کہ حج کروں، تو کیا میرے لیے جائز ہے کہ اپنے دامادوں کے ساتھ حج کرنے چلی جاؤں؟ خیال رہے کہ میں نے ایک داماد کے ساتھ حج کےلیے جانے کا کہا ہے تو شوہر نے انکار کر دیا اور اجازت نہیں دی۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر آپ کے حالات شوہر کے ساتھ ایسے ہی ہیں جیسے کہ بیان کیےگئے ہیں اور آپ نے ابھی تک فریضہ حج ادا نہیں کیا ہے یا عمرہ بھی نہیں کیا ہے، تو آپ پر واجب ہے کہ اپنے ان محرموں کے ساتھ جن کا آپ نے ذکر کیا ہے حج کےلیے چلی جائیں، خواہ شوہر اجازت نہ بھی دیتا ہو۔ کیونکہ آپ کا طاقت ہوتے ہوئے حج چھوڑنا حرام ہے، اوراللہ کی نافرمانی میں مخلوق کی کوئی اطاعت نہیں ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا]

صفحہ نمبر 383

محدث فتویٰ